کیا آپ کے ونڈو گارڈز بحفاظت لگے ہوئے ہیں؟

تین یا زائد اپارٹمنٹس والی عمارتوں میں، اگر 10 سال یا اس سے کم عمر کا کوئی بچہ اپارٹمنٹ میں رہتا ہے یا اگر کرایہ دار یا متصرف فرد کسی وجہ سے ونڈو گارڈز کی درخواست کرتا ہے تو عمارت کے مالکان پر نیو یارک سٹی محکمہ صحت سے منظور شدہ ونڈو گارڈز نصب کرنا لازم ہے۔ تمام قسم کی کھڑکیوں، بشمول اسکرینز والی سرکنے والی کھڑکیوں میں ونڈو گارڈز یا محدود کرنے والی ڈیوائسز ہونی چاہئیں۔ کھڑکیوں پر اسکرین ونڈو گارڈز کا بدل **نہیں** ہیں۔



ونڈو گارڈز یا محدود کرنے والی ڈیوائسز لازمی طور پر:

- اپارٹمنٹ کی تمام کھڑکیوں پر نصب ہوں، سوائے ان کھڑکیوں کے جو آتش زدگی سے فرار کے راستوں کی طرف لے جاتی ہیں یا ہنگامی فرار کے لیے استعمال ہوتی ہیں، یا وہ کھڑکیاں جہاں ایئر کنڈیشنر یونٹس مستقل طور پر اور بحفاظت نصب ہیں۔
- محفوظ ہوں اور مستقل طور پر نصب ہوں۔
- کھڑکیوں کو کسی بھی سمت میں 4 1/2 انچ سے زیادہ کھلنے سے روکتی ہوں۔ بغیر گارڈ والی کھلی ہوئی جگہ کبھی بھی 4 1/2 انچ سے زیادہ نہیں ہونی چاہیے۔ پیمائشی ٹول استعمال کرکے چیک کریں۔
- 150 پونڈ وزن سہارنے کے قابل ہوں۔
- نیو یارک سٹی محکمہ صحت سے منظور شدہ نمبر ہوں۔

کرایہ دار کے بطور، آپ پر لازم ہے کہ:

- اگر 10 سال یا اس سے کم عمر کا بچہ اپارٹمنٹ میں رہتا ہے یا، کسی وجہ سے، آپ اپنے اپارٹمنٹ یا عمارت کی عمومی جگہ میں ونڈو گارڈز نصب کروانا چاہتے ہوں تو ہر سال سالانہ نوٹس *(Annual Notice)* مکمل کرکے تحریری شکل میں اپنی عمارت کے مالک کو مطلع کریں۔
- اپنے گھر تک رسائی فراہم کریں اور جہاں ضرورت ہو وہاں ونڈو گارڈز نصب کرنے دیں۔ تنصیب کے بعد کرایہ داروں کو ہرگز بھی ونڈو گارڈز کو ہٹانا یا اس میں ترمیم کرنا نہیں چاہیے۔ اگر آپ کے اپارٹمنٹ میں 10 سال یا اس سے کم عمر کا بچہ رہ رہا ہو تو آپ ونڈو گارڈز کی تنصیب سے منع نہیں کر سکتے۔

اگر آپ کے یہاں ونڈو گارڈ نہیں ہے یا وہ صحیح سے نصب نہیں ہے تو **311** پر کال کریں۔

مزید معلومات کے لیے، **nyc.gov/health** ملاحظہ کریں اور **"window guards"** (ونڈو گارڈز) تلاش کریں، یا **windowfallprevention@health.nyc.gov** پر ای میل کریں۔